فرما گئے یہ ھادیؐ

انا خاتم النبیین لا نبی بعدی

لا نبی بعدی

میں "خاتم النبیین" ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں

منیر احمد علوی
مدرس جامعہ علوم اللہ بن عمر

یہ آواز ہے ناموس مصطفیٰ ﷺ کے لیے

سرکار دو جہاں حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ اس دھرتی پر رب کائنات کے آخری نبی اور رسول ہیں۔ آپ ﷺ کے بعد کسی کو نبوت نہیں دی جائے گی۔ قیامت تک آنے والے ہر انسان کی نجات دامن مصطفیٰ ﷺ کے ساتھ وابستہ کر دی گئی ہے اس مبارک عقیدے کو "عقیدہ ختم نبوت" کہتے ہیں۔ عقیدہ ختم نبوت اسلام کا ایک متفقہ، اصولی، اساسی اور بنیادی عقیدہ ہے۔ یہ عقیدہ آنحضرت ﷺ کا خصوصی امتیاز ہے اور اس عقیدے کا تعلق براہ راست رسول پاک ﷺ کی ذات بابرکت کے ساتھ ہے اسی لیے اس کے محافظین کو جنت کی بشارت دی گئی ہے۔ یہ عقیدہ قرآن مجید کی ایک سو آیات اور دو سو دس احادیث نبویہ سے ثابت ہے۔ پوری امت کا اجماع ہے کہ آپ ﷺ کے بعد دعویٰ نبوت کرنا صریح کفر ہے۔ بلکہ اس مبارک عقیدے میں ذرہ برابر شک، معمولی لاپروائی ایک مسلمان کو ایمان کی بلندیوں سے کفر وارتداد کی اتھاہ گہرائیوں میں پٹخ دیتی ہے۔ چنانچہ سراج الامت حضرت امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا یہ فتویٰ موجود ہے کہ حضور ﷺ کے بعد نبوت کے دعوے دار سے دلیل مانگنے والا بھی کافر ہے۔ فرمایا "مَنْ طَلَبَ مِنْهُ عَلَامَةً فَقَدْ كَفَرَ" جس نے نبوت کے دعوے دار سے دلیل طلب کی وہ بھی کافر ہو گیا کیونکہ دلیل مانگنا شک کی علامت ہے اور جیسے اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور ربوبیت میں شک کرنا کفر ہے ایسے ہی نبوت کے دعوے دار سے دلیل مانگنا بھی صریح کفر ہے۔ لیکن تاریخ اسلام میں ایسے کئی بدبختوں کا ذکر ملتا ہے جنہوں نے محبوب کبریاء سرتاج انبیاء حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے تاج وتخت ختم نبوت پر ڈاکہ ڈالنے کی ناپاک جسارت کی ہے۔ انہی بدبختوں میں سے ایک ہندوستان کے علاقے گورداسپور کے قصبے قادیان سے تعلق رکھنے والا مرزا غلام قادیانی بھی ہے جس نے 1901ء میں انگریز کے کہنے پر نبوت ورسالت کا جھوٹا دعویٰ کر کے فتنۂ قادیانیت کی بنیاد رکھی۔

قادیان کے گندے خمیر سے جنم لینے والا مرزا غلام قادیانی اس فرش خاکی پر جنم لینے والا وہ بدترین شخص تھا جس نے اسلام کا لبادہ اوڑھ کر اللہ تعالیٰ، نبی پاک ﷺ، انبیاء کرام علیہم السلام، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم، اہل بیت رضی اللہ عنہم، حرمین شریفین، قرآن وحدیث اور اہل اسلام کے بارے میں وہ بکواسات کی ہیں جن کو پڑھ کر ایک سچے مسلمان کا دل خون کے آنسو روتا اور کلیجہ منہ کو آتا ہے۔ مرزائیوں / قادیانیوں کی کتابوں سے چند دل خراش توہین آمیز عبارتیں ملاحظہ کریں جو کہ قادیانیوں کے بارے میں نرم گوشہ رکھنے والے احباب کے لئے لمحہ فکریہ ہے۔

اللہ تعالیٰ کی توہین: مرزا قادیانی نے توحید باری تعالیٰ کا انکار کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی ذات پر جو اوباشانہ بہتان لگائے ہیں اس کی تاریخ میں مثال نہیں ملتی۔ چند تحریریں پڑھیے اور فیصلہ کیجئے کیا ایسا شخص مسلمان کہلانے کے قابل ہے یا شیطان؟ ☆ میں نے کشف میں دیکھا کہ میں خود خدا ہوں اور یقین کیا کہ میں وہی ہوں۔ تذکرہ ص ۱۵۲ ☆ میں نے کشف میں دیکھا کہ میں عورت ہوں اور اللہ تعالیٰ نے (میرے ساتھ) رجولیت کی طاقت (مردانہ قوت) کا اظہار فرمایا۔ اسلامی قربانی ٹریکٹ نمبر ۳۴ ☆ اللہ نے مجھے کہا اے مرزا تو مجھ سے میرے بیٹے کیطرح ہے تذکرہ طبع چہارم ۴۴۲ ☆ اللہ فرماتے ہیں میں چوروں کیطرح پوشیدہ آؤں گا خزائن ۲۰ ص ۳۹۶ ☆ اللہ نے مجھے کہا اے مرزا تو میرے پانی سے ہے تذکرہ ص ۱۶۴

خاتم الانبیاء ﷺ کی توہین: مرزا قادیانی اور اسکی ذریت کے گستاخ اور بے لگام قلم سے رحمت دو عالم ﷺ کے بارے میں نہ صرف گندی توہین آمیز بکواس نکلیں ہیں بلکہ ناپاک جسارت میں اس حدتک بڑھے کہ دعویٰ کیا کہ مرزا قادیانی خود محمد رسول اللہ ہے کیونکہ قادیانی عقیدے کے مطابق حضرت محمد ﷺ نے دو مرتبہ دنیا میں آنا تھا پہلی مرتبہ چودہ سو سال قبل مکہ مکرمہ میں محمد بن عبداللہ کی صورت میں آئے اور دوسری مرتبہ قادیان میں مرزا غلام احمد بن غلام مرتضی کی بروزی شکل میں، قادیانی کتب سے قلب وجگر کو شق کر دینے والے چند قادیانی کفریہ، روح فرسا زہریلے عقائد ونظریات ملاحظہ فرمائیں۔

☆ قران مجید کی آیت ''مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ'' میں مجھے محمد کہا گیا اور رسول بھی خزائن ۱۸ ص ۲۰۷ ☆ مرزا قادیانی کا لڑکا لکھتا ہے۔ جو شخص مرزا قادیانی کے (آنے) کو محمد رسول اللہ کی بعثت ثانیہ (دوبارہ آنا) نہیں مانتا اس نے قرآن کو پس پشت ڈال دیا کیونکہ قرآن پکار پکار کر کہہ رہا ہے کہ محمد رسول اللہ ایک بار پھر دنیا میں آئیں گے۔ کلمۃ الفصل ۱۰۶

قادیانی اپنے انہی مذکورہ عقائد کیوجہ سے نبی پاک ﷺ کو ملنے والے تمام القابات اور خصوصیات مرزا قادیانی اور اس کی ذریت پر چسپاں کرتے ہوئے مرزا قادیانی کو ''نبی اور رسول'' اس کی بیوی کو ''ام المومنین'' لڑکی کو ''سیدۃ النساء'' ماننے والوں کو ''صحابہ'' جانشین کو ''خلیفہ الرسول'' باتوں کو ''حدیث'' کاموں کو ''سنت'' خاندان کو ''اہل بیت'' اور من گھڑت شیطانی الہامات کو ''قرآن'' کہتے ہیں۔

انبیاء علیہم السلام کی توہین اسلامی عقیدے کے مطابق کم وبیش سوا لاکھ انبیاء کرام علیہم السلام دنیا میں بھیجے گئے اسلام میں ان تمام پر ایمان لانا اوران کی تعظیم وتکریم فرض ہے اور کسی ایک نبی کی شان میں ادنیٰ توہین انسان کو کفر کی اتھاہ گہرائیوں میں پٹخ دیتی ہے۔ مرزا قادیانی اللہ تعالیٰ کی ان محبوب مقدس ہستیوں کے بارے میں کیا عقائد ونظریات رکھتا ہے، ملاحظہ فرمائیں۔ ☆ میری آمد سے ہر نبی زندہ ہوگیا، ہر رسول میری قمیض میں چھپا ہوا ہے۔ خزائن ج ۱۸ ص ۲۹۰ ☆ شیطانی کلمے کا دخل کبھی انبیاء اور رسولوں کی وحی میں بھی ہو جاتا ہے۔ خزائن ج ۳ ص ۴۳۹ ☆ عیسیٰ علیہ السلام کی تین دادیاں اور نانیاں زنا کار اور کسبی عورتیں تھیں جن کے خون سے عیسیٰ (علیہ السلام) کا ظہور ہوا خزائن ج ۱۱ ص ۲۹۱ ☆ حضرت عیسیٰ علیہ السلام شراب پیا کرتے تھے خزائن ج ۱۱ ص ۲۹۱

حضرات صحابہ کرام واہل بیت رضی اللہ عنہم کی توہین: جو شخص اللہ تعالیٰ، انبیاء کرام علیہم السلام کی اس دیدہ دلیری سے توہین کرتا ہو وہ صحابہ کرام کو کیا خاطر میں لائے گا۔ چند قادیانی عقائد ملاحظہ کیجئے۔ ☆ (حضرت) ابو بکر اور عمر تو مسیح موعود (مرزا قادیانی) کے جوتوں کے تسمے کھولنے کے قابل بھی نہ تھے المہدی جنوری ۱۹۱۵ ☆ اسلام پر یہ (امام حسینؓ) ایک مصیبت ہے کہ کستوری کی خوشبو (مرزا قادیانی) کے پاس گوہ کا ڈھیر (امام حسینؓ) ہے خزائن ج ۱۹ ص ۴۷۷ ☆ بعض صحابہ نادان تھے جنہیں درایت (سمجھ) سے کچھ حصہ نہ تھا خزائن ج ۲۱ ص ۲۸۵

7 ستمبر 1974 کو حکومت پاکستان کی قومی اسمبلی نے قادیانیوں کو ان کے کفریہ عقائد کی بناء پر "کافر" قرار دے دیا

قرآن وحدیث اور حرمین شریفین کی توہین: قرآن وحدیث اور حرمین شریفین کے بارے میں بلا تبصرہ چند قادیانی عقائد ونظریات ملاحظہ کیجئے: ☆ قرآن مجید خدا کی کتاب اور میرے منہ کی باتیں ہیں۔ تذکرہ ص ۵۴۸ طبع چہارم ☆ جو حدیث میری وحی کے مخالف ہو اسے ردی کیطرح پھینک دو خزائن ج ۱۹ ص ۱۴۰ ☆ لوگ معمولی اور نفلی طور پر حج کرنے جاتے ہیں مگر قادیان میں آنا نفلی حج سے زیادہ ثواب ہے خزائن ج ۵ ص ۳۵۲ ☆ اللہ تعالیٰ نے آنحضرت ﷺ کو چھپانے کے لئے ایک ایسی ذلیل جگہ تجویز کی جو نہایت متعفن (بدبودار) اور تنگ اور تاریک حشرات الارض (کیڑے مکوڑوں) کی نجاست کی جگہ تھی خزائن ج ۱۷ ص ۲۰۵

قادیانی۔۔۔ اہل اسلام کو کیا سمجھتے ہیں:

قادیانی مذہب کے مطابق مسلمان ہونے کے لئے حضرت نبی پاک ﷺ پر ایمان لانا کافی نہیں بلکہ مرزا قادیانی کی نبوت ورسالت کو ماننا بھی ضروری ہے اور جو شخص مرزا کی نبوت کا منکر ہو وہ پکا کافر ہے۔ ملاحظہ کیجئے۔ ☆ جو شخص محمد ﷺ کو مانتا ہے لیکن مرزا قادیانی کو نہیں مانتا وہ نہ صرف کافر بلکہ پکا کافر ہے کلمۃ الفصل ص ۱۱۰ ☆ جو مجھے (مرزا قادیانی کو) نبی نہیں مانتے وہ کنجریوں کی اولاد ہے خزائن ج ۵ ص ۵۴۷ ☆ دشمن (مسلمان) ہمارے بیابانوں کے خنزیر ہیں اور ان کی عورتیں کتیوں سے بڑھ گئی ہیں خزائن ج ۱۴ ص ۵۳

قادیانی کافر اور دیگر کافروں میں فرق:

جب بھی قادیانیوں کے بائیکاٹ کی بات کی جاتی ہے تو سادہ لوح مسلمان یہ سوال کرتے ہیں کہ ہمیں یہ تسلیم ہے کہ قادیانی کافر ہیں لیکن کافر تو اور بھی بہت ہے جیسے عیسائی، یہودی وغیرہ تو کیا وجہ ہے کہ قادیانیوں کے خلاف منظم جماعتیں کام کرتی ہیں اور قادیانیوں کے بائیکاٹ کی بھرپور دعوت دی جاتی ہے۔ جبکہ دیگر کفار کے خلاف ایسا منظم کام نہیں۔ اس کا جواب یہ ہے کہ قادیانی کافر اور دیگر کفار کے درمیان فرق ہے کیونکہ کافروں کی بنیادی طور پر تین قسمیں ہیں۔ ا۔ مطلق کافر ۲۔ مرتد کافر ۳۔ زندیق کافر، مطلق کافر اس کافر کو کہتے ہیں جو اپنی نسبت اپنے مذہب کی طرف کرتا ہو اور مسلمانوں کی نسبت اسلام کیطرف۔ جیسے عیسائی، یہودی کہ عیسائی خود کو عیسائی اور یہودی خود کو یہودی کہتا ہے۔ جبکہ ہماری نسبت اسلام کی طرف کرتے ہوئے ہمیں مسلمان کہتا ہے۔ مرتد کافر اس کافر کو کہتے ہیں جو پہلے مسلمان ہو پھر اسلام چھوڑ کر کسی اور مذہب کو قبول کر لے اور پھر اپنی نسبت اسی نئے مذہب کیطرف کرنے لگے۔ جیسے خدانخواستہ کوئی مسلمان عیسائی ہو جائے اور پھر خود کو عیسائی کہنے لگے اور زندیق اس کافر کو کہتے ہیں جو ہو تو پکا کافر لیکن خود کو مسلمان کہے اور مسلمانوں کو کافر کہے۔ شریعت اسلامیہ میں مطلق کافر سے معاملات کرنا جائز ومباح ہے لیکن مرتد وزندیق کافر سے کسی طرح کا معاملہ اور تعلق رکھنا حرام اور ناجائز ہیں اور یاد رکھیے قادیانی عام کافر نہیں بلکہ زندیق کافر ہیں کیونکہ اپنے کفر کو اسلام اور اسلام کو کفر جبکہ خود کو مسلمان اور مسلمانوں کو کافر سمجھتے ہیں۔ اسی وجہ سے ملت اسلامیہ کے تمام مسالک (دیوبندی، بریلوی، اہلحدیث) کے مفتیان کرام نے یہ فتویٰ دیا ہے کہ:

فتویٰ قادیانی زندیق، کافر اور ملحد ہیں اس لیے مرزائیوں کے ساتھ معاشی ومعاشرتی تعلقات مثل خوشی غمی میں شرکت، سلام وکلام، ناطہ، اٹھنا بیٹھنا، کاروبار، ملازمت ان کی مصنوعات کی خرید وفروخت سب حرام ہے اور ان سے تعلقات رکھنے والا شخص گمراہ، ظالم اور مستحق عذاب جہنم ہے اور جو شخص مرزائیوں کو مسلمان سمجھے یا ان کو مسلمانوں سے اچھا کہے وہ خود مرزائیوں سے بدترین کافر ہے

مرزائیوں کے بائیکاٹ کے متعلق مذکورہ فتویٰ پر مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے عصر حاضر کے تقریباً 1400 جید علماء کرام سے تائیدات لی جا چکی ہیں جنہوں نے اس فتویٰ سے مکمل اتفاق کیا ہے،

26 اپریل 1984ء کو حکومت پاکستان نے قادیانیوں کو شعائر اسلام (نماز، اذان، سلام وغیرہ) کے استعمال سے روک دیا

مسلمانو! مرزائیوں نے یہود و نصاریٰ کے ساتھ مل کر پوری دنیا میں توہین رسالت ﷺ کا طوفان برپا کیا ہوا ہے اور مرزا قادیانی کی فتنہ ارتداد کی لگائی ہوئی آگ کو پھر سے ہوا دے کر آپ ﷺ کی نبوت کی جگہ مرزا قادیانی کی نبوت کو چلانے کے گھناونے دھندے کو سرگرم کیے ہوئے ہیں۔ اے رحمت دو عالم ﷺ کے امتیو! کیا یہ سب ہم برداشت کر سکتے ہیں؟ کیا ہم مدنی آقا ﷺ کے تاج و تخت ختم نبوت کو قادیانیوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیں گے؟ اگر نہیں اور یقیناً نہیں تو آیئے ان مرزائیوں کی مدنی آقا ﷺ کے خلاف بڑھتی ہوئی ارتدادی سرگرمیوں کو روکنے کے لیے ہمارے معاون بنیں۔ کیونکہ یہ دین آپ کی بھی وراثت ہے۔ آپ کا بھی رحمت دو عالم ﷺ سے تعلق ہے۔ پیغمبر ﷺ کی ختم نبوت آپ سے بھی اپنا حق مانگتی ہے۔ آپ بھی رسول پاک ﷺ کی شفاعت کے طلب گار ہیں۔

ہر مرزائی کفر و ارتداد کو پھیلانے کے لئے اپنی جماعت کو مخصوص چندہ دیتا ہے جو مسلمانوں سے کمایا جاتا ہے اس لئے ہر وہ مسلمان جو قادیانی مصنوعات کی خرید و فروخت کرتا ہے وہ پیغمبر اسلام ﷺ کے خلاف اس خطرناک ارتدادی تحریک میں اپنا مالی تعاون کرتا ہے اس لیے خود بھی اس ملعون کام سے رکیے اور دوسروں کے ایمان کی بھی حفاظت کر کے ختم نبوت کے عظیم کام میں عملاً حصہ ڈالیے۔

چند مشہور قادیانی ادارے

شیزان کمپنی کی تمام مصنوعات

Shezan

کنگ بناسپتی

پنجاب آئل ملز

پرل بناسپتی گھی

زاہد ٹیکچرز کاٹن بنانے والے

ذائقہ گھی کوکنگ آئل

راجہ سوپ

یونیورسل سٹبلائزرز

شاہ تاج شوگر ملز

شاہنواز ٹیکسٹائل ملز

OCS Think Done Courier Service کوریئر سروس

قادیانیوں کی ایک خطرناک چال

قادیانیوں کو جماعتی سطح پر ہدایات ہیں کہ خود کو مسلمان ظاہر کر کے مسلمان لڑکیوں سے شادیاں رچائیں اس سلسلے میں جس طرح کے دجل و فریب اور جھوٹ سے کام لینا پڑے تو ضرور لیں۔ اس مقصد کے حصول کے لئے قادیانی لڑکا خود کو مسلمان ظاہر کر کے مسلمان لڑکی سے تعلق بناتا ہے اور نکاح کرنے کے بعد آہستہ آہستہ اپنا قادیانی ہونا ظاہر کرتا ہے۔ اس صورت میں اکثر لڑکی بھی قادیانی ہو جاتی ہے یا پھر نوبت عدالتی طلاق تک پہنچتی ہے اور اگر نکاح سے پہلے لڑکی کو کسی ذریعے سے لڑکے کا قادیانی ہونے کا علم ہو جائے تو قادیانی نہایت مکاری سے خود کو پیش کرتے ہوئے کہتا ہے کہ تم مجھے مسلمان کر لو اور بعض ظاہری اعمال کا اقرار کر کے سادہ لوح مسلمان لڑکی کو اپنے جال میں پھانس لیتا ہے۔ کبھی قادیانی لڑکا خود کو مسلمان ظاہر کرتے ہوئے کہتا ہے کہ میں مسلمان ہوں لیکن میرے گھر والے قادیانی ہیں۔ بعض مرتبہ قادیانی اپنے اسلام پر دینی مدرسے کا سرٹیفکیٹ حاصل کر لیتے ہیں اس حساس مسئلے میں ایسے سرٹیفکیٹ کا ہرگز اعتبار نہ کرنا چاہیے۔ غرض قادیانی ذریت طرح طرح کے دجل و فریب اور دھوکوں سے مسلمان لڑکیوں کی عزتیں برباد کر رہے ہیں۔ یاد رکھے قادیانی زندیق ہیں ان سے نکاح کرنا زنا ہے۔ اس سلسلے میں مزید تفصیلات کے لئے ختم نبوت کے احباب سے رابطہ کریں۔

قادیانیت کے خلاف آئینی جدوجہد قادیانیوں کی کفریہ ارتدادی سرگرمیوں کو روکنے کا موثر ذریعہ ہے